ساتھ ساتھ محسن انسانیت حضرت محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کے اپنے رب کے پاس چلے جانے کے ذکر دلائل وبراہین اور استشہادات واستنباطات کے ساتھ کتاب ہذا میں موجود ہے۔ اور بعد از وفات ختم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات بھی نہایت اختصار اور حسن ترتیب کے ساتھ اس مختصر کتاب میں جمع کر دیئے گئے ہیں۔ جن میں خلاف راشدہ کے اہم واقعات اور حضرت حسن رضی اللہ تعالے عنہ کا اپنی خلافت سے دستبردار ہونے اور ان کے جاندار خطبے کا بھی تذکرہ موجود ہے۔ کتاب میں جابجا عمدہ عربی اشعار مع اردو ترجمہ بھی ہیں جو مختلف مواقع پر کہے گئے ہیں۔ کتاب اپنے نفیس سفید ورق، انتہائی دیدہ زیب ٹائٹل اور ہاتھ کی عمدہ اور بہترین کتابت کے ساتھ جہاں ناظر وقاری کا دل موہ لیتی ہے وہاں اسے شاندار طریقے سے منظر عام پر لانے والوں کی محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں سچائی، خلوص اور خصوصی لگاؤ کا بھی پتہ چلتا ہے۔ دعا ہے اللہ تعالی ہمیں محسن انسانیت صلی اللہ علیہ وسلم کی سچی محبت اور حقیقی اطاعت کی توفیق بخشے اور آپؐ کی پاکیزہ سیرت وعمدہ صورت کے حسین قالب میں خود کو ڈھالنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

بشکریہ ، ھفت روزہ اہلحدیث لاہور ۳ جنوری ۹۷

نئی زندگی کے تابناک لمحات

تبصرہ ــــــ سید اکرام الحق جاوید

ابراہیم بن عبد اللہ الغامدی کی تصنیف کردہ اس عربی کتاب کو اردو کے قالب میں حافظ ابوبکر الصدیق نے ڈھالا ہے۔ جبکہ کتاب کے ناشر صدیق بک پروموٹرز اسلام آباد ہیں۔ جو یونیورسٹی بک شاپ۔ انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی فیصل مسجد اسلام آباد سے دستیاب ہے۔ نئی زندگی کے تابناک لمحات " اسلامی ادب" سلسلہ کی پہلی کاوش ہے۔ جس کا سرورق آرٹ کارڈ پر پانچ رنگوں سے شائع ہوا ہے۔ جبکہ ۴۴ صفحات پر مشتمل اس اصلاحی کتاب کو جدید کمپیوٹر سے مرتب کیا گیا ہے۔ خوبصورت طباعت کا مرقع ہونے کے ناطے اس کتاب کی قیمت ۳۵ روپے رکھی گئی ہے۔

اس کتاب میں مذکورہ واقعات عام بگڑے ہوئے نوجوان اور نئی نسل کے لیے ایمان افروزی و جانثاری اور عبرت و نصیحت کا درس ہیں مترجم نے کوشش کی ہے کہ ترجمے میں مصنف کے جذبات پورے کے پورے منتقل ہو جائیں۔ اور یہی وجہ ہے کہ تحریر کو سہل انداز اور دلکش پیرائے میں اس طرح بیان کیا گیا ہے کہ شاید یہ کتاب کسی بھٹکے ہوئے راہی کو نشان منزل دکھادے۔ ایسے والدین جن کی اولادیں بگڑ چکی ہیں۔ جینز گروپ اور برگر فیملی کے چشم وچراغ اس کے پھیلائے ہوئے نور میں آگے بڑھ سکتے ہیں یہ کتاب ہمارے سامنے روز مرہ پیش آنے والے واقعات کا عکس ہے